نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو — **تفہیم عبارت: پیارے رسول حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ** — جماعت: دوم

پیارے بچو! ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔ آپ ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ بہت مہربان تھے۔ ہر ایک سے محبت کرتے۔ بچوں پر تو خاص شفقت فرماتے۔ بچے ملتے تو مسکرا کر انھیں سلام کرتے۔ اُن کا حال پُوچھتے۔ انھیں گود میں اٹھاتے۔ اُن سے پیار بھری باتیں کرتے۔ لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں موسم کا نیا پھل لاتے۔ آپ ﷺ یہ پھل سب سے پہلے بچوں کو دیتے۔ آپ ﷺ کبھی کبھی سفر کے لیے مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جاتے۔ جب سفر سے واپس مدینہ منورہ آتے تو راستے میں بچوں کو دیکھ کر سواری روک لیتے۔ بڑی محبت سے انھیں سواری پر بٹھاتے۔ کسی کو اپنے آگے اور کسی کو پیچھے۔ بچے بھی آپ ﷺ سے بہت محبت کرتے۔ جہاں آپ ﷺ کو دیکھتے، لپک کر آپ ﷺ کے پاس پہنچ جاتے۔ اللہ کے پیارے نبی ﷺ خود بھی بچوں سے پیار کرتے اور دوسروں کو بھی پیار کرنا سکھاتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:
"جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا اور بڑوں کی عزت نہیں کرتا اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔"



1- **اوپر دی گئی عبارت غور سے پڑھ کر درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجیے۔**

i. آپ ﷺ موسم کا نیا ________ بچوں کو دیتے تھے۔ (کتاب ، پھل)

ii. کبھی کبھی سفر کے لیے ________ سے باہر تشریف لے جاتے۔ (مدینہ ، مکہ)

iii. راستے میں بچوں کو دیکھ کر ________ روک لیتے۔ (سواری ، گاڑی)

iv. بچے جہاں آپ ﷺ کو دیکھتے، ________ آپ ﷺ کے پاس پہنچ جاتے۔ (آہستہ سے ، لپک کر)

2- **کالم ملایئے۔**

| کالم الف | | کالم ب |
|---|---|---|
| حضرت محمد ﷺ | | بچوں کو |
| سواری پر بٹھاتے | | آخری نبی |
| جو چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا | | بچوں سے |
| دوسروں کو بھی پیار کرنا سکھاتے | | اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں |

LIVEWORKSHEETS